رجسٹرڈ بی سی نمبر 12
قیمت 10 روپے
MEMBER OF APNS
کوئٹہ اسلام آباد اور حب سے بیک وقت شائع ہونیوالا A.B.C Certified بلوچستان کا واحد کثیر الاشاعت روزنامہ
روزنامہ عوام کوئٹہ
DAILY AWAM QUETTA
ایڈیٹر انچیف وسیم احمد
جلد 38 | ہفتہ | 29 ربیع الاول | 1448ھ | 12 ستمبر 2026ء | فون 2832244-2829384 فیکس 2832255 | شمارہ 60

میڈیا کے نمائندوں کے ساتھ خصوصی نشست، صوبے کی امن و امان کی صورتحال پر بریفنگ
سکیورٹی صورتحال پر بریفنگ کے ساتھ بلوچستان کی ترقی کا سفر جاری رکھا جائیگا کور کمانڈر بلوچستان

کور کمانڈر نے میڈیا کے نمائندوں کو بلوچستان میں امن وامان کی بحالی اور درپیش سیکیورٹی چیلنجز سے آگاہ کیا، صوبے میں امن واستحکام کے لیے جاری اقدامات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا

میڈیا کے وفد نے دہشت گردوں سے قبضے میں لیے گئے ہتھیاروں اور گولہ بارود کا بھی مشاہدہ کیا، سی ایم ایچ کوئٹہ کا دورہ، دہشت گردی کے خلاف آپریشن کے دوران زخمی ہونے والے جوانوں کی عیادت

کوئٹہ (مانیٹرنگ ڈیسک) کور کمانڈر کوئٹہ سے میڈیا کے نمائندوں کی خصوصی نشست میں بلوچستان کی سیکیورٹی کی صورت حال پر بریفنگ دی گئی اور امن و استحکام کے لیے جاری اقدامات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ کور کمانڈر کوئٹہ سے پاکستان کے میڈیا نمائندگان کی خصوصی (بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر)

آئی پی پیز کے ساتھ 30 اور 40 سال کے نئے معاہدوں کا انکشاف

اسلام آباد (این این آئی) آئی پی پیز کے ساتھ (بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر)

چیف الیکشن کمشنر کی تقرری، حکومت اور حزب اختلاف میں مشاورت کا آغاز

احتجاج کے حوالے سے تفصیلی مشاورت، پی ٹی آئی کو 27 ستمبر کیلئے بھرپور تیاری کی ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) چیف الیکشن کمشنر اور دو ممبران کی تقرری کے سلسلہ میں حکومت اور حزب اختلاف میں مشاورت کا آغاز ہوگیا۔ ذرائع کے مطابق قائد حزب (بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی حاجی محمد اکبر خان اچکزئی مرحوم کی رہائشگاہ آمد کے موقع پر شرکاء سے گفتگو کر رہے ہیں

زرعی پیداوار اور برآمدات بڑھانے کیلئے ویلیو ایڈیشن ناگزیر ہے وزیراعظم

پاکستان کی زرعی مصنوعات کیلئے عالمی منڈیوں تک رسائی بڑھائی جائے، وفاق اور صوبوں میں مؤثر شراکت داری ضروری ہے، شہباز شریف

وزیراعظم کی زیر صدارت زرعی شعبے اور زرعی برآمدات کے فروغ کے حوالے سے اعلیٰ سطح اجلاس، رسائی وسیع کرنے کے لیے مختلف تجاویز پر غور

اسلام آباد (آن لائن) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ زرعی شعبہ پاکستان کی معیشت کی ترقی اور استحکام میں کلیدی کردار ادا کرتا ہے، فی ایکڑ پیداوار میں اضافے، زراعت میں جدت، لائیو اسٹاک کے فروغ اور زرعی برآمدات بڑھانے کے لیے وفاق اور صوبوں (بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر)

حکومت اور پیپلز پارٹی کے درمیان جاری کشیدگی اور اختلافات ختم کرانے کیلئے پس پردہ رابطے کامیاب

اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے دونوں فریقوں کے درمیان ڈیڈ لاک ختم کرادیا ہے، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) حکومت اور پیپلز پارٹی کے درمیان جاری سیاسی کشیدگی اور قانون سازی پر اختلافات ختم کرانے کے لیے پس پردہ رابطے کامیاب ہوگئے۔ (بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد؛ وزیراعظم شہباز شریف منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سلامتی کونسل کا ہنگامی اجلاس پاکستان کا سعودی عرب کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار

ہم خطے اور اس سے باہر امن وسلامتی کے وسیع تر مقاصد کے حصول کے لیے اپنی کوششیں جاری رکھیں گے

یمن کی صورتحال پر گہری تشویش ہے، بحیرہ احمر میں تجارتی جہازوں پر حوثی حملے باعث تشویش ہیں، عاصم افتخار

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار نے کہا ہے کہ حوثی حملے سعودی عرب کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کی کھلی خلاف ورزی ہیں، پاکستان سعودی عرب کی سلامتی، خودمختاری، علاقائی سالمیت کی مکمل حمایت کرتا ہے۔ سلامتی کونسل کا سعودی عرب پر حوثی حملے کے حوالے سے ہنگامی اجلاس ہوا جس میں پاکستان نے سعودی عرب کی سلامتی، خودمختاری، علاقائی سالمیت کی مکمل (بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر)

دوران سروس جاں بحق سرکاری ملازمین کے خاندانوں کے لیے معاوضے میں بڑا اضافہ
وزیراعظم نے نئے پیکیج کی منظوری دے دی
شہباز شریف کا ملک کے علاقوں مندبجلی لوڈ شیڈنگ کانوٹس کم کرنے کی ہدایت

گریڈ 1 سے 4 کے لیے 6 لاکھ، گریڈ 20 سے زائد کے لیے 30 لاکھ روپے، سیکیورٹی اہلکاروں کے شہداء کے لیے 2 کروڑ تک معاوضہ، شہداء کے بچوں کی مفت تعلیم، رہائش و پلاٹ، بیٹی کی شادی کے لیے 8 لاکھ؛ معذوری کی صورت میں بھی اضافی مالی معاونت کا اعلان

ریڈریسل کمیٹی میں عوامی نمائندگی بھی ہونی چاہیے، کسی بھی علاقے میں 2 گھنٹے سے زیادہ لوڈشیڈنگ نہ کی جائے، آر ایل این جی کی ترسیل میں تعطل سے نمٹنے کیلئے فوری اقدامات کیے جائیں اور تمام موجود وسائل کا موثر استعمال کیا جائے، وزیراعظم کی افسران کو ہدایت

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی حکومت نے دوران سروس جاں بحق ہونے والے سرکاری ملازمین کے خاندانوں کے لیے مالی معاونت کے پیکیج میں نمایاں اضافہ کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے سرکاری ملازمین کے اہل خانہ کو دیے جانے والے معاوضے میں اضافے اور مختلف اضافی مراعات کی منظوری دے دی ہے۔ حکومت کی جانب سے منظور کیے گئے نئے پیکیج کے تحت مختلف سرکاری گریڈز میں خدمات انجام دینے والے ملازمین کے دوران سروس انتقال کی صورت میں ان کے خاندانوں کو پہلے سے زیادہ مالی معاوضہ فراہم کیا جائے گا۔ اس اقدام کا مقصد سرکاری ملازمین کی دوران سروس وفات کی صورت میں ان کے خاندانوں کو مالی تحفظ فراہم کرنا اور ان کی مشکلات کم کرنا ہے۔ نئے معاوضے کے تحت گریڈ 1 سے 4 تک کے سول سرکاری ملازمین کے خاندانوں کو 6 لاکھ روپے ادا کیے جائیں گے، جبکہ گریڈ 6 سے 10 تک کے ملازمین کے خاندانوں کے لیے معاوضے کی رقم 9 لاکھ روپے مقرر کی گئی ہے۔ اسی طرح گریڈ 11 سے 15 تک کے سرکاری ملازمین کے خاندانوں کو 12 لاکھ روپے جبکہ گریڈ 16 اور 17 کے ملازمین کے اہل خانہ کو 15 لاکھ روپے معاوضہ دیا جائے گا۔ گریڈ 18 اور 19 کے دوران سروس جاں بحق ہونے والے (بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر)

7 ارب ڈالر توسیعی فنڈ فیسلٹی پروگرام؛ پاکستان اور آئی ایم ایف کے مذاکرات رواں ماہ ہونگے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اور عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کے درمیان اہم مذاکرات 23 ستمبر سے شروع ہونے کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق ان مذاکرات (بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر)

پرائیویٹ عازمین حج کی رجسٹریشن اور بکنگ کا عمل 20 نومبر تک جاری رہے گا

اسلام آباد (این این آئی) پرائیویٹ عازمین حج کی رجسٹریشن اور بکنگ کا عمل پاک حج ایپ اور حج پورٹل کے ذریعے 20 نومبر تک جاری رہے گا۔ وزارت مذہبی امور کے مطابق (بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر)

سیکیورٹی فورسز کی بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں کارروائیاں 14 اہم کمانڈرز سمیت دہشتگرد جہنم واصل

ہلاک کمانڈر خارجی عبیداللہ افغان صوبے لوگر کا رہائشی اور کالعدم فتنہ الخوارج سے وابستہ تھا، سر کی قیمت 1 کروڑ 20 لاکھ روپے مقرر تھی

عبیداللہ سعد پاکستان میں دہشتگردی کی متعدد کارروائیوں میں ملوث تھا، سیکیورٹی فورسز کا کارروائیاں جاری رکھنے کے عزم کا اظہار

پشاور + کوئٹہ (این این آئی + آن لائن) سیکیورٹی فورسز نے خیبر پختونخوا کے ضلع کرم اور پشاور میں دو مختلف کارروائیوں کے دوران دو اہم کمانڈرز سمیت 9 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا۔ سیکیورٹی ذرائع نے بتایا کہ 8 ستمبر کو ضلع کرم میں سیکیورٹی فورسز نے خفیہ اطلاعات کی بنیاد پر کامیاب آپریشن کیا جس کے نتیجے میں "فتنہ الخوارج سے منسلک افغان خارجی عبید اللہ سعد اپنے 3 ساتھیوں سمیت ہلاک ہوگیا۔ ہلاک خارجی عبیداللہ افغان صوبے لوگر کا رہائشی اور کالعدم فتنہ الخوارج سے وابستہ تھا، ہلاک دہشتگرد عبیداللہ سعد پاکستان میں دہشتگردی کی متعدد کارروائیوں میں ملوث (بقیہ نمبر 66 صفحہ 3 پر)

کراچی؛ گورنر سندھ، وزیراعلیٰ سندھ اور دیگر مزار قائد پر قائداعظم محمد علی جناح کی برسی کے موقع پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

بچوں کے تحفظ کیلئے، مضبوط ادارے اور مسلسل اقدامات ضروری ہیں، آصفہ بھٹو زرداری

اسلام آباد (این این آئی) خاتون اول آصفہ بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ بچوں کے تحفظ کیلئے سیاسی عزم، مضبوط ادارے اور مسلسل اقدامات ضروری ہیں، حکومتی ادارے، صوبائی حکام، سکول، سول سوسائٹی، مذہبی وسماجی رہنما اور خاندان اپنے بچوں کا تحفظ ایک مشترکہ قومی ذمہ داری بنائیں۔ جمعہ کو ایوان صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق آصفہ بھٹو زر (بقیہ نمبر 67 صفحہ 3 پر)

آئی سی سی آئی وفد کی وزیر مملکت برائے داخلہ سے ملاقات

حکومت کاروبار دوست اپروچ پر یقین رکھتی ہے، وزیر مملکت طلال چوہدری

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (آئی سی سی آئی) کے صدر سردار طاہر محمود کی قیادت میں وفد نے وزیر مملکت برائے داخلہ طلال چوہدری سے ملاقات کی اور دارالحکومت میں کمرشل پلازوں کی سیلنگ، سی ڈی اے کے ریگولیٹری (بقیہ نمبر 65 صفحہ 3 پر)

پاک چین سفارتی تعلقات کی 75 ویں سالگرہ، چینگدو میں شاندار استقبالیہ

ثقافت دوستی کی زندہ گواہی اور فن عوامی تعلقات کا عملی اظہار ہے، سفیر خلیل ہاشمی

چینگدو (آن لائن) پاک چین سفارتی تعلقات کے قیام کی 75 ویں سالگرہ کے موقع پر چین کے شہر چینگدو میں شاندار استقبالیہ منعقد کیا گیا، جس کا اہتمام قونصل جنرل پاکستان چینگدو کی جانب سے وانڈا ریگن چینگدو میں کیا گیا۔ تقریب کی میزبانی قونصل جنرل (بقیہ نمبر 64 صفحہ 3 پر)

پاکستان اور تاجکستان کے درمیان تجارتی وزرعی تعاون بڑھانے پر اتفاق

وسطی ایشیا میں تاجکستان پاکستان کا ایک اہم اور قابل اعتماد شراکت دار ہے، رانا تنویر حسین

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ وتحقیق، رانا تنویر حسین سے تاجکستان کے سفیر یوسف شریف زادہ نے ملاقات کی جس میں پاکستان اور تاجکستان کے درمیان باہمی تجارت، زرعی تعاون، اقتصادی روابط اور دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے (بقیہ نمبر 63 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد؛ چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی نیشنل جوڈیشل پالیسی سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لانگ مارچ سے قبل پاکستان تحریک انصاف میں مالی بحران شدت اختیار کر گیا

پارٹی اراکین پارلیمنٹ نے قیادت کو فنڈ دینے سے انکار کر دیا

اسلام آباد (آن لائن) لانگ مارچ سے قبل پاکستان تحریک انصاف میں مالی بحران شدت اختیار کر گیا ہے۔ پارٹی اراکین پارلیمنٹ نے قیادت کو فنڈ دینے سے انکار کر دیا ہے جبکہ صوبہ خیبر پختونخوا کے سابق وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور نے بھی 27 ستمبر کے لانگ مارچ کے (بقیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر)

ایس آئی ایف سی کی ون ونڈو سہولت کاری، معاشی ترقی کے نئے دور کا آغاز

سرمایہ کاری کے عمل کو مزید آسان بنانے کیلئے ایس آئی ایف سی نے ڈیجیٹل ٹکٹنگ ہب متعارف کرادیا

اسلام آباد (این این آئی) ایس آئی ایف سی کی ون ونڈو سہولت کاری سے سرمایہ کاروں کیلئے پاکستان میں کاروباری مواقع تک رسائی آسان بنائی جارہی ہے، ایس آئی ایف سی مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کے مواقع، سہولیات اور معاونت سے متعلق (بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر)

عوام کے لیے روٹی بھی مہنگی، آٹے کا 50 کلو تھیلا 8 ہزار روپے تک پہنچ گیا

غیر جی ایم گندم عالمی منڈی میں پریمیم کے بجائے رعایتی نرخ پر فروخت ہورہی ہے، رپورٹ

کراچی (این این آئی) گزشتہ سال گندم کی بھرپور پیداوار کے باوجود ملک میں آٹا مسلسل مہنگا ہونے لگا اور بعض علاقوں میں 50 کلو آٹے کے تھیلے کی قیمت 8 ہزار روپے تک پہنچ گئی جبکہ پاکستان کی غیر جینیاتی طور پر تبدیل شدہ (نان جی ایم) گندم عالمی منڈی میں پریمیم کے (بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر)

قائداعظمؒ کے وژن کے مطابق ریلوے کو جدید اور منافع بخش ادارہ بنا رہے ہیں، حنیف عباسی

قائداعظمؒ کے زریں اصولوں، اتحاد، ایمان اور نظم وضبط کو مشعل راہ بنا کر ہی ملک کو خوشحال اور ترقی یافتہ بنایا جاسکتا ہے، وزیر ریلوے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے ریلوے محمد حنیف عباسی نے کہا ہے کہ قائداعظم کی دوراندیش قیادت، اصول پسندی اور انتھک جدوجہد نے مسلمانوں کیلئے آزاد وطن کا خواب شرمندہ تعبیر کیا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی قیادت میں موجودہ (بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر)

مکران ڈویژن، سکیورٹی فورسز کی بروقت کارروائی، فتنہ الہندوستان کا بڑا حملہ ناکام

دہشت گردوں نے ڈپٹی کمشنر تمپ کے پروٹیکشن اسکواڈ کو نشانہ بنایا تھا، سکیورٹی ذرائع

مکران (این این آئی) سکیورٹی فورسز نے مکران ڈویژن کے ضلع تمپ میں بروقت کارروائی کرتے ہوئے فتنہ الہندوستان کے بزدلانہ حملے کو بری طرح ناکام بنادیا ہے۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق دہشت گردوں نے ڈپٹی کمشنر تمپ کے پروٹیکشن اسکواڈ کو نشانہ بنایا تھا۔ فتن (بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر)

پاکستان میں ای سی او وزراء اجلاس کی تیاریاں، اسحاق ڈار کی زیر صدارت اہم اجلاس

ای سی او علاقائی تجارت، رابطوں اور اقتصادی تعاون کے فروغ میں اہم کردار ادا کر رہی ہے

ای سی او کونسل آف منسٹرز کا اجلاس 15، 16 نومبر کو پاکستان میں ہوگا، نائب وزیراعظم نے جامع تیاریوں کی ہدایت کردی

اسلام آباد (آن لائن) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار کی زیر صدارت ای سی او کونسل آف منسٹرز اجلاس کی تیاریوں کے حوالے سے اہم اجلاس ہوا، جس میں پاکستان میں ہونے والے ای سی او وزرائے خارجہ اجلاس کے پروگرام، ایجنڈے اور انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ وزارت خارجہ کے مطابق ای سی او کونسل آف منسٹرز کا اجلاس 15 اور 16 نومبر کو پاکستان میں منعقد ہوگا۔ اجلاس کے دوران اسحاق ڈار کو (بقیہ نمبر 68 صفحہ 3 پر)

راولپنڈی، اڈیالہ جیل کا قیدی ہسپتال منتقلی کے دوران انتقال کر گیا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی میں اڈیالہ جیل کا قیدی اویس احمد ہسپتال منتقلی کے دوران انتقال کر گیا۔ پولیس کے مطابق 40 سالہ قیدی کی اچانک طبیعت خراب ہوئی تھی (بقیہ نمبر 69 صفحہ 3 پر)

پاکستان کی بہترین مکئی عالمی منڈی میں کم قیمت پر فروخت ہونے کا انکشاف

ملک میں کاشت ہونے والی غیر جینٹک مکئی کی بہتر ہینڈلنگ سے زائد قیمت پر فروخت ممکن ہے، ایل ڈی سی

کراچی (این این آئی) پاکستان میں نان جینیٹک موڈیفائیڈ مکئی جس کو حرف عام میں دیسی مکئی بھی کہہ سکتے ہیں کاشت ہوتی ہے، اس دیسی پاکستانی مکئی کو بین الاقوامی منڈیوں میں زائد قیمت حاصل ہونا چاہیئے مگر فصل کی کٹائی، ناقص دیکھ بھال اور اسٹوریج مسائل (بقیہ نمبر 70 صفحہ 3 پر)

لاہور ہائیکورٹ، پنجاب کے تمام میڈیکل کالجز کو فغان طلبہ کو بے دخل کرنے سے روک دیا

اس معاملے میں ریاستی سلامتی کا کوئی مسئلہ نہیں، کوئی بھی میڈیکل کالج افغان طلبہ کو بے دخل نہ کرے اور نہ ہی ان کے امتحانی پرچے منسوخ کیے جائیں، عدالت

طلبہ کو میڈیکل کالجز میں داخلہ دیا گیا تو انہیں تعلیمی ویزے کیسے جاری کیے گئے؟ چار سال تک تعلیم حاصل کرنے کے بعد طلبہ کو واپس بھیجنے کا فیصلہ کیسے کیا گیا، جسٹس خالد اسحاق

لاہور (آن لائن) لاہور ہائیکورٹ نے پنجاب کے تمام میڈیکل کالجز کو افغان طلبہ کو بے دخل کرنے سے روکتے ہوئے ریاستی سلامتی سے متعلق مؤقف مسترد کردیا اور کہا ہے کہ اس معاملے میں ریاستی سلامتی کا کوئی مسئلہ نہیں۔ عدالت نے ہدایت کی کہ کوئی بھی میڈیکل (بقیہ نمبر 71 صفحہ 3 پر)

گلگت بلتستان کے آئینی وقانونی معاملات پر مشاورت کا عمل جاری

وزیر قانون کی زیر صدارت اجلاس، جی بی کے آئینی، قانونی، مالی اور انتظامی امور پر تفصیلی غور

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے قانون وانصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ گلگت بلتستان کے آئینی و قانونی معاملات پر مشاورت کا عمل جاری ہے، مستقبل کے انتظامی و آئینی انتظام پر وسیع مشاورت کی جائے گی اور تمام متعلقہ اسٹیک ہولڈرز (بقیہ نمبر 73 صفحہ 3 پر)

فیصل آباد، ائیر پورٹ پر 92 پاکستانی سکھ مسافروں کو سفر سے روک دیا گیا

فیصل آباد (این این آئی) فیصل آباد ائیر پورٹ پر 92 پاکستانی سکھ مسافروں کو سفر سے روک دیا گیا۔ ایف آئی اے کے مطابق سکھ مسافر فیصل آباد سے شارجہ سے ہو (بقیہ نمبر 72 صفحہ 3 پر)

اردن ایرانی میزائل حملوں میں امریکی فوجی طیاروں کو نقصان، 18 اہلکار ہلاک، 800 زخمی

جب ایران کے خلاف جنگ شروع ہوئی تو اس وقت امریکہ کے پاس 2330 انٹرسیپٹر موجود تھے

دنیا میں سب سے زیادہ طاقتور امریکی فوج کو ان حملوں میں نقصان کا سامنا کرنا پڑا ہے، امریکی حکام

واشنگٹن (این این آئی) رواں ہفتے کے دوران اردن میں قائم امریکی فوجی اڈے پر ایرانی میزائل حملوں کے نتیجے میں کئی امریکی فوجی طیاروں کو نقصان پہنچا ہے۔ یہ حملے اردن میں موافق سلطی ایئر بیس پر کیے گئے۔ امریکی حکام نے مغربی خبر رساں ادارے کو بتایا کہ دنیا میں سب (بقیہ نمبر 74 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد؛ وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان میں ڈیجیٹل اثاثوں کی لائسنسنگ کا عمل شروع، 70 درخواستیں موصول

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں ڈیجیٹل اثاثوں کی لائسنسنگ کا عمل شروع کردیا گیا۔ چیئرمین پاکستان ورچوئل ریگولیٹری اتھارٹی بلال بن ثاقب کا کہنا ہے کہ ڈیجیٹل اثاثوں کی لائسنسنگ کے لیے اب تک 70 درخواستیں موصول ہوچکی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ریگولیٹری فریم ورک پر پورا اترنے والی کمپنیوں کو ڈیجیٹل اثاثوں کی خرید وفروخت کا لائسنس (بقیہ نمبر 75 صفحہ 3 پر)

قائداعظمؒ کے اصول پاکستان کی بقا اور خودمختاری کے ضامن ہیں، علیم خان

پوری قوم کو ملکی ترقی اور استحکام کے لیے یکسوئی اور باہمی اتحاد کا مظاہرہ کرنا ہوگا، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اور استحکام پاکستان پارٹی کے صدر عبدالعلیم خان نے قائداعظم محمد علی جناح کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ بانی پاکستان کی قیادت، عزم اور اصول ہی اس ملک کی مضبوط بنیاد ہیں۔ قائداعظم نے (بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر)

تحریک انصاف کی جے یو آئی کو ملکی مسائل کے حل کیلئے آل پارٹیز کانفرنس میں شرکت کی دعوت

ملاقات میں اپوزیشن جماعتوں کے مابین مشترکہ لائحہ عمل اپنانے اور آل پارٹیز کانفرنس بلانے پر مشاورت

پارلیمنٹ کے اندر اپوزیشن مشترکہ لائحہ عمل اختیار کرے گی، قومی ایشوز پر تمام جماعتوں کو اعتماد میں لیا جائے گا، بیرسٹر گوہر

اسلام آباد (آن لائن) پاکستان تحریک انصاف نے جے یو آئی کو ملکی مسائل کے حل کے لیے آل پارٹیز کانفرنس میں شرکت کی دعوت دیدی۔ جمعہ کو پی ٹی آئی چیئرمین بیرسٹر گوہر علی خان کی سربراہی میں وفد نے جے یو آئی کے سیکریٹری جنرل مولانا عبدالغفور حیدری سے ملاقات کی۔ ملاقات میں اپوزیشن جماعتوں کے مابین مشترکہ لائحہ عمل اپنانے اور آل پارٹیز کانفرنس (اے پی سی) بلانے پر مشاورت ہوئی۔ ملاقات کے (بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر)


ہانگ کانگ؛ وفاقی وزیر کامرس جام کمال خان ہانگ کانگ کے چیف ایگزیکٹو کامرس اینڈ اکنامک کے وفد سے ملاقات کر رہے ہیں

ایس ای سی پی نے ایک اور آئی پی او کی منظوری دیدی

اسلام آباد (این این آئی) سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے ایس ای فروٹس اینڈ ویجیٹیبل لمیٹڈ کے ابتدائی عوامی پیشکش کی منظوری دیدی ہے۔ برآمدی سرگرمیوں سے وابستہ اور شریعہ اصولوں کے مطابق کام کرنے والی کمپنی کے لیے اسٹاک ایکسچینج میں لسٹنگ کی جانب یہ اہم پیش رفت ہے۔ اس آئی پی او کی بک بلڈنگ کا آغاز 21 ستمبر سے ہوگا جو کہ 22 (بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر)

قائداعظم محمد علی جناح کی سب سے بڑی میراث پاکستان ہے میر سرفراز بگٹی

ریاستیں محض نعروں سے مضبوط نہیں ہوتیں بلکہ آئین وقانون کی بالادستی، مضبوط اداروں، ذمہ دار قیادت اور شہریوں کے بنیادی حقوق کے تحفظ سے مستحکم ہوتی ہیں

قائداعظم کی برسی ہمیں صرف ان کی عظیم جدوجہد کو یاد کرنے کا موقع نہیں دیتی بلکہ اپنے مستقبل کے حوالے سے قومی عہد کی تجدید کا تقاضا بھی کرتی ہے

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کی برسی کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ قائداعظم کا پاکستان ہماری نسلوں کی امانت ہے، جس کی مضبوطی، استحکام اور خوشحالی ہی بانی پاکستان کو حقیقی خراج عقیدت پیش کرنے کا بہترین ذریعہ ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ قائداعظم محمد علی جناح کی سب سے بڑی میراث پاکستان ہے۔ انہوں نے اپنی سیاسی جدوجہد کو ذاتی (بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر)

اپوزیشن اجلاس 27 ستمبر کے احتجاج کی تیاریاں اور آل پارٹیز کانفرنس کا فیصلہ

سینٹ میں اپوزیشن لیڈر علامہ راجا ناصر عباس کے چیمبر میں محمود خان اچکزئی کی صدارت میں اہم اجلاس

27 ستمبر کے احتجاج کے حوالے سے تفصیلی مشاورت، 27 ستمبر کے احتجاج کے لیے بھرپور تیاریاں یقینی بنائی جائیں، اپوزیشن لیڈر کی ہدایت

اسلام آباد (آن لائن) اپوزیشن اجلاس۔ 27 ستمبر کے احتجاج کی تیاریاں اور آل پارٹیز کانفرنس کا فیصلہ کرلیا گیا۔ جمعہ کو سینٹ میں اپوزیشن لیڈر علامہ راجا ناصر عباس کے چیمبر میں اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی کی صدارت میں اہم اجلاس ہوا۔ اجلاس میں بیرسٹر گوہر خان، بیرسٹر سلمان اکرم راجا، اسد قیصر، شہرام ترکئی، فردوس شمیم نقوی، حسین اخوندزادہ اور محسن شہریار نے شرکت کی۔ اجلاس میں 27 ستمبر کے احتجاج کے (بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر)

پاکستانی نژاد ذیشان حامد کینیڈا کے وزیر برائے سیاحت وثقافت مقرر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستانی نژاد کینیڈین ذیشان حامد کو سیاحت وثقافت کی صوبائی وزارت کا قلمدان سونپ دیا گیا۔ کینیڈا کے سب سے بڑے صوبے اونٹاریو کے (بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر)

قائداعظم نے ایک ملت کو نظریہ، شعور اور خودمختاری دیدی محسن نقوی

قوم کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے اور ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنے کے لیے ان اصولوں کو عملی زندگی میں اپنانا ہوگا

بانی پاکستان جدوجہد قومی تاریخ کا روشن باب، پاکستان کی ترقی وخوشحالی جناح کے اصولوں پر عمل پیرا ہونے میں مضمر ہے، وفاقی وزیر داخلہ

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کو ان کی عظیم جدوجہد اور بے مثال قیادت پر زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ قائداعظم نے ایک ملت کو نظریہ، شعور اور خودمختار ریاست دی، ان کی جدوجہد آزادی پاکستان کی قومی تاریخ کا روشن باب ہے۔ اپنے پیغام میں محسن نقوی نے کہا کہ قائداعظم محمد علی جناح نے برصغیر کے مسلمانوں کو غلامی سے نکال کر ایک (بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر)

پاکستان اور ہانگ کانگ کے تجارتی و اقتصادی تعلقات مزید مضبوط بنانے پر اتفاق

جام کمال کی ہانگ کانگ کے چیف ایگزیکٹو جان لی کا چیو سے اہم ملاقات، تجارت، سرمایہ کاری، فضائی روابط اور نئے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر زور

پاکستان ہانگ کانگ کے ساتھ تجارت، خدمات، مالیات، ہوابازی اور بزنس ٹو بزنس روابط سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید وسعت دینے کا خواہاں ہے، وفاقی وزیر

ہانگ کانگ (آن لائن) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے ہانگ کانگ کے چیف ایگزیکٹو جان لی کا چیو سے اعلیٰ سطح ملاقات کی، جس میں پاکستان اور ہانگ کانگ کے درمیان تجارتی و اقتصادی تعلقات کو مزید مستحکم بنانے، باہمی تجارت و سرمایہ کاری بڑھانے اور (بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد؛ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سید ال خان سے میر عاصم کرد گیلو ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان میں رواں سال پولیو کا چوتھا کیس سامنے آگیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں رواں سال پولیو کا چوتھا کیس سامنے آگیا۔ قومی ایمرجنسی آپریشنز سینٹر کے مطابق پولیو کا نیا کیس خیبر پختونخوا کے ضلع بنوں سے رپورٹ ہوا ہے، متاثرہ بچہ تحصیل میریان کی یونین کونسل نورڑ کا رہائشی ہے جبکہ رواں سال رپورٹ ہونے والے 4 میں سے 3 پولیو کیسز بنوں ڈویژن (بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر)

روزنامہ عوام
روزنامہ عوام وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کو ایڈیٹ شائع ہوتا ہے بیورو آفس کوئٹہ فون نمبر 081-2832244 فیکس 081-2822255 اسلام آباد آفس فون نمبر 051-2890427 فیکس 051-2890437 جب آفس 32266 فیکس 32755
ہفتہ 12 ستمبر 2026ء

پاک سعودی دوطرفہ دفاعی تعاون جاری

ترجمان دفتر خارجہ سجاد حیدر خان نے کہا ہے کہ پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان دوطرفہ دفاعی تعاون جاری ہے اور دفاعی معاہدے پر عمل درآمد کیلئے وقت درکار ہوگا پاکستان سعودی عرب کی خودمختاری، سالمیت کی حمایت جاری رکھے گا، کشمیر اقوام متحدہ کے ایجنڈے پر موجود حل طلب مسئلہ ہے، بھارتی دعوؤں اور ہتھکنڈوں سے کشمیر کی متنازع حیثیت تبدیل نہیں ہوسکتی، پاکستان کو یاسین ملک کی بگڑتی ہوئی صحت پر تشویش ہے، پاکستان یاسین ملک کا معاملہ اور مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی صورتحال پر عالمی فورمز پر بات کرتا رہے گا۔ افغان طلبہ پر پابندی عائد کرنے کا تاثر درست نہیں، افغان طلبہ کے خلاف مکمل پابندی کا کوئی فیصلہ نہیں کیا گیا، درست ویزا اور ڈگری پروگرام میں رجسٹریشن رکھنے والے افغان طلبہ تعلیم مکمل کرسکتے ہیں، ایران کو وارننگ کی رپورٹ بے بنیاد ہے، ایران کے ساتھ تجارت پر ملکی مفاد کے مطابق فیصلہ ہوگا۔ ہفتہ وار پریس بریفنگ کے دوران ترجمان دفتر خارجہ سجاد حیدر خان نے کہا کہ مکہ جوائنٹ ڈیفنس ایگریمنٹ نافذ العمل ہے اور پاکستان معاہدے کے تقاضوں کے مطابق کردار ادا کرے گا۔ فی الحال پاکستان اور کسی فریق کے درمیان اس نوعیت کی کسی تجویز یا معاملے پر کوئی بات چیت نہیں ہو رہی۔ سعودی عرب اور پاکستان کا دوطرفہ دفاعی معاہدہ بھی ہے اور دونوں سہ ملکی معاہدے میں بھی شامل ہیں۔ ترجمان کے مطابق مکہ معاہدہ خالصتاً دفاعی نوعیت کا ہے اور خطے کی سلامتی کو بنیادی طور پر ڈیٹرنس کے ذریعے یقینی بنانے کے لیے ایک دفاعی اتحاد ہے۔ ترجمان نے بتایا کہ موجودہ مکہ معاہدے میں پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب شامل ہیں، جو معاہدے کے تحت باقاعدگی سے ملاقاتیں اور مختلف سطحوں پر مشاورت کر رہے ہیں۔ تینوں ممالک مسلسل ایک دوسرے سے رابطے میں ہیں۔ پہلے پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب کو اپنی تنظیم اور تعاون کو مزید مستحکم کرنا ہے بعد ازاں مکہ معاہدہ ان تمام ممالک کے لیے کھلا ہوگا جو یکساں مقف، سوچ اور ضروریات رکھتے ہوں، تاہم فی الحال مکہ معاہدے میں توسیع کی بات نہیں ہو رہی۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق ابھی تینوں بانی ممالک مکہ معاہدے کے حوالے سے جزئیات طے کر رہے ہیں۔

ایک سعودی آئل کمپنی کا افغانستان سے معاہدہ اور زلمے خلیل زاد

تحریر۔ نصرت جاوید

نوجوانی میں افغانستان سے کئی دہائیاں قبل وظیفے پر اعلیٰ تعلیم کے بہانے امریکہ منتقل ہوا زلمے خلیل زاد عالمی سطح کا وارداتیا ہے۔ موقع شناس اور موقع پرست شخص ہے۔ پاکستان سے نفرت اس کی گھٹی میں شامل ہے۔ اس کی لگائی ہر گیم کو سنجیدگی سے لینے سے قبل سو بار سوچنا چاہیے۔ خود کو ابدی بدنصیب محسوس کرتے چند پاکستانی مگر اس کی چالوں سے بوکھلا جاتے ہیں۔ پیر کی رات سے سوشل میڈیا پر چھائے "ذہن سازوں" کا ایک گروہ تسلسل سے دہائی مچا رہا ہے کہ سعودی حکومت نے مبینہ طور پر افغانستان میں تیل اور گیس کی تلاش کے لئے 50 ارب ڈالر (50 ملین نہیں ارب ڈالر) کی سرمایہ کاری کا فیصلہ کیا ہے۔ مذکورہ "خبر" کا حوالہ دیتے ہوئے سوال اٹھائے جا رہے ہیں کہ حال ہی میں ترک واحتشام سے طے ہوئے میثاقِ مکہ کے بعد برادر ملک نے پاکستان کے بجائے طالبان کے قبضے میں گئے افغانستان میں ایسی سرمایہ کاری کا فیصلہ کیوں کیا۔ طالبان حکومت سے سعودی عرب نے سفارتی تعلقات بھی استوار نہیں کئے ہیں۔ ان کے بغیر بھی افغانستان میں خیرہ کن سرمایہ کاری پاکستان کو کیا پیغام دے رہی ہے۔

سوشل میڈیا پر مچائی دہائی نے تحقیق کو مجبور کیا تھا۔ یہ دریافت کرنے میں 20 منٹ بھی صرف نہ ہوئے کہ سعودی حکومت نہیں برادر ملک کے ایک شہری کی تیل کے عالمی دھندے کے ساتھ کئی دہائیوں سے جڑی کمپنی نے افغانستان کے مغرب میں واقع تاریخی شہر ہرات کے قریب ایران جانے والے ایک دریا سے منسلک زمین میں 200 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری سے تیل اور گیس کی تلاش کا معاہدہ کیا ہے۔ تیل کے مقابلے میں مذکورہ علاقے سے گیس کی دریافت کے امکانات زیادہ روشن ہیں۔ وہ دریافت ہوگئی تو طے کیا جائے گا کہ گیس کی جو مقدار ممکنہ طور پر میسر ہے اسے ہرات شہر کو بجلی فراہم کرنے والے کارخانوں میں استعمال کیا جاسکتا ہے یا نہیں۔ وافر مقدار میں گیس کی دریافت ہرات شہر میں انڈسٹریل زون کے قیام کی راہ ہموار کرسکتی ہے۔ بے پناہ ذخائر مل جانے کی صورت گیس پاکستان کی سرحد کے قریب قندھار کے سپین بولدک تک 700 کلومیٹر لمبی پائپ لائن کے ذریعے لے جانے کے لئے وسیع پیمانے پر سرمایہ کاری کے امکانات روشن ہوجائیں گے۔ فی الوقت دور رس امکانات کا جائزہ لینے کے لئے فقط 200 ملین ڈالر خرچ کئے جائیں گے۔

طالبان کا یہ قلم گھسیٹ 1990ء کی دہائی سے شدید ناقد رہا ہے۔ ان سے بھلائی کی توقع باندھنے کی حماقت سے ہمیشہ گریز کیا۔ چھ برس قبل کابل میں بطور فاتح لوٹنے کے بعد اپنے پاکستان دشمن رویے سے وہ میری سوچ کو درست ثابت کررہے ہیں۔ ان کے رویے کے باوجود بطور انسان انتہائی خلوص سے یہ سوچتا ہوں کہ 1978ء سے مسلسل خانہ جنگیوں اور غیر ملکی قبضوں کی زد میں رہے افغان عوام امن وخوش حالی کے مستحق ہیں۔ رب کریم ان پر رحم کرے۔ وہاں کی خلقت پر تعلیم، روزگار اور خوشحالی کے دروازے کھلیں۔ افغان عوام کی خوش حالی ہمارے خطے کو پرامن رکھنے میں مددگار ثابت ہوگی۔

نیک تمناؤں کے پرخلوص اعتراف کے بعد اطلاع آپ کو یہ دینا ہے کہ زلمے خلیل زاد سعودی کمپنی کے طالبان کیساتھ سرمایہ کاری کا معاہدہ ہونے کی تقریب میں موجود تھا۔ اس نے وہاں چکنی چپڑی تقریر سے یہ خواب بھی دکھائے کہ ہرات میں تیل اور گیس کی دریافت کے بعد افغانستان وسطی ایشیاء کے ترکمانستان جیسے ممالک کے تیل اور گیس کے ذخائر جنوبی ایشیاء کے ممالک تک پہنچانے کا مرکز بن سکتا ہے۔

غور طلب حقیقت یہ بھی ہے کہ اس کا خطاب عالمی میڈیا نے تقریباً نظرانداز کیا۔ عرب میڈیا میں بھی اس کا ذکر نہ ہونے کے برابر ہے۔ اسرائیل کا مگر ایک بااثر اخبار ہے۔ نام ہے اس کا "یروشلم پوسٹ"۔ اس نے سعودی کمپنی کی جانب سے طالبان کے ساتھ ہوئے معاہدے کو تفصیلی خبر کے ذریعے اجاگر کیا۔ مذکورہ خبر کو پھیلانے کے لئے زلمے خلیل زاد نے اپنے ایکس اکاؤنٹ سے اسے پوسٹ کیا۔ اس کی دانست میں جو منصوبہ افغانستان کو وسطی ایشیا کے قدرتی وسائل جنوبی ایشیا تک پہنچانے کا ذریعہ بنایا جاسکتا ہے اسے ان دونوں خطوں کے ممالک کے نام لکھ کر پوسٹ کیا۔ پاکستان کو مگر ان ملکوں میں شامل نہیں کیا۔

زلمے خلیل زاد کے دل ودماغ میں پاکستان کے خلاف جمع ہوئے بغض کی نشاندہی کے لئے اس کی "یروشلم پوسٹ" پر لگائی پوسٹ پر توجہ ہی کافی ہے۔ جس سعودی کمپنی کو وہ گھیر کر افغانستان لایا ہے اس کا نام ہے ڈیلٹا۔ یاد رہے کہ طالبان کی پہلی حکومت کے دوران بھی TAP کے عنوان سے ایک منصوبہ تیار ہوا تھا۔ اس کے ذریعے ترکمان کی گیس کو بذریعہ افغانستان پاکستان لانا مقصود تھا۔ TAP یوں ترکمانستان، افغانستان اور پاکستان کے لئے استعمال ہوا۔ بعدازاں انگریزی حرف (پی) کے بعد (آئی) یعنی انڈیا بھی شامل کردیا گیا۔ بھارت تک افغانستان اور پاکستان کے ذریعے ترکمانستان کی گیس پہنچانے کی بات چلی تو امریکہ کی ایک کمپنی UNOCAL اس میں سرمایہ کاری کے لئے بے تاب ہوگئی۔ یہ اطلاع سن کر حیران نہ ہوں کہ زلمے خلیل زاد نے افغان نژاد ہونے کا چورن بیچتے ہوئے مذکورہ کمپنی کے لئے TAPI میں سرمایہ کاری کے امکانات کا جائزہ لینے کی رپورٹ تیار کی۔ طالبان کا دل جیتنے کے لئے 1997ء میں اس نے واشنگٹن پوسٹ کے لئے مضامین بھی لکھے۔ ان کے ذریعے امریکہ کو مائل کرنے کی کوشش کی کہ طالبان سے دوری اختیار کرنے کے بجائے واشنگٹن کو انہیں وسط ایشیائی ممالک کو جنوبی ایشیاء کے ساتھ ملانے کے دیرپا اور دوررس منصوبوں میں شامل کرنا چاہیے۔ اس کی کاوشوں سے دسمبر 1997ء میں طالبان کا آٹھ رکنی وفد یونوکول کمپنی کے امریکی ریاست ٹیکساس کے ہیوسٹن میں واقع ہیڈکوارٹر بھی گیا۔ TAPI منصوبے پر عملدرآمد کے لئے اس دورے کے دوران چند افغانوں کو یونیورسٹی آف نبراسکا کے ذریعے پائپ لائن کی تعمیر کی مہارت کے حصول کیلئے تربیت کے منصوبے بھی تیار ہوئے۔ جس سعودی کمپنی۔ ڈیلٹا۔ نے ہرات میں تیل اور گیس کی تلاش کے لئے طالبان کے ساتھ پیر کے روز معاہدہ کیا ہے وہ یونوکول سے بھی شراکت داری کو تیار تھی۔ 1998ء میں لیکن امریکہ نے کینیا میں ہوئے دھماکوں کا الزام القاعدہ پر عائد کرتے ہوئے طالبان کے کامل اقتصادی مقاطعے کا فیصلہ کیا اور TAPI منصوبہ ٹھپ ہوگیا۔

مختصر الفاظ میں عرض یہ کرنا ہے کہ طالبان کی گزشتہ حکومت کے دور سے زلمے خلیل زاد انہیں امریکی اور عالمی سرمایہ کاروں کے خیرخواہوں کی صورت مارکیٹ کرنے میں مصروف رہا ہے۔ ڈیلٹا سے روابط بھی اسی دور میں استوار کئے تھے۔ طالبان کے دوسرے دورِ حکومت میں وہ ایک اور معجون بیچنے کی کاوشوں میں مصروف ہے۔ ایسے موقع شناس اور موقع پرست شخص کی چالوں اور منصوبوں کو ٹھوس پس منظر میں جانچنا چاہیے۔ مبالغہ آمیز کہانیوں پر خود کی ملامت سے گریز اختیار کرنے ہی میں عافیت ہے۔

☆☆☆☆

قوم بل دیتی رہی، سیاست خاموش رہی

تحریر۔ محمد اکرم چوہدری

کچھ خبریں پڑھی نہیں جاتیں، سینے پر رکھی جاتی ہیں یہ بھی ایسی ہی خبر ہے صرف گیارہ ماہ۔ اور بجلی پیدا کرنے والوں کو تقریباً دو ہزار نو سو پینتیس ارب روپے کی ادائیگیاں۔ یہ ہندسہ لکھ دینا آسان ہے، اسے سمجھنا مشکل ہے۔ کیونکہ ہزاروں ارب روپے کسی سرکاری فائل میں لکھی چند سطریں نہیں ہوتے۔ ان میں کسی مزدور کی ساری عمر کی کمائی ہوتی ہے، کسی باپ کی بیٹی کی فیس ہوتی ہے، کسی ماں کی دوا ہوتی ہے، کسی نوجوان کا بند ہوتا کاروبار اور کسی سفید پوش گھر کا آخری بچا ہوا سکون ہوتا ہے۔

اس ملک میں بجلی کا بل اب کاغذ کا ٹکڑا نہیں آتا، گھر میں خوف کا لفافہ آتا ہے میٹر ریڈر گزر جاتا ہے، مگر اس کے چند دن بعد آنے والا بل پورے گھر کا بجٹ روند دیتا ہے۔ تنخواہ سامنے پڑی ہوتی ہے اور سوال یہ ہوتا ہے کہ بجلی کا بل دیں، بچوں کی فیس دیں، راشن خریدیں یا بوڑھے والدین کی دوا؟ اور پھر پارلیمنٹ کے سامنے ایک عدد رکھ دیا جاتا ہے۔

قوم پوچھتی ہے: حضور! اتنا پیسہ گیا کہاں؟ لیکن اس سے بھی بڑا سوال یہ ہے کہ اس خبر پر شور کہاں ہے؟ وہ سیاسی جماعتیں کہاں ہیں جو معمولی سے سیاسی واقعے پر پریس کانفرنسوں کی قطار لگا دیتی ہیں؟ وہ اسمبلیاں کہاں ہیں جہاں ایک دوسرے کے خلاف نعرے، واک آؤٹ اور تقاریر ختم نہیں ہوتیں؟ وہ لیڈر کہاں ہیں جنہیں قوم کا درد ہر انتخابی جلسے میں اچانک یاد آ جاتا ہے؟ عوام کی جیب سے ہزاروں ارب نکل جائیں تو سیاست پر ایسی خاموشی کیوں اتر آتی ہے؟

شاید پاکستان کا اصل المیہ مہنگی بجلی نہیں۔ اصل المیہ سستی سیاست ہے ایسی سیاست جسے عوام صرف ووٹ ڈالتے وقت یاد آتے ہیں۔ ایسی سیاست جس میں اقتدار بدلتا ہے، تقریریں بدلتی ہیں، نعرے بدلتے ہیں، مخالف بدل جاتے ہیں، مگر بجلی کے بل پر لکھی عوام کی قسمت نہیں بدلتی۔ ایک حکومت آتی ہے تو پچھلی حکومت کو ذمہ دار ٹھہراتی ہے۔ دوسری آتی ہے تو معاہدوں کا رونا روتی ہے۔ تیسری اصلاحات کا اعلان کرتی ہے۔ مگر ہر مہینے ایک پاکستانی اپنے گھر کے دروازے پر کھڑا وہی بل دیکھ رہا ہوتا ہے۔

اور حیرت دیکھئے جس گھر میں پنکھا چلانے سے پہلے سوچنا پڑتا ہے، اسی گھر کے شہری سے ایک ایسے نظام کی قیمت وصول کی جاتی ہے جس کے معاہدے اس نے نہیں کیے، شرائط اس نے طے نہیں کیں، ضمانتیں اس نے نہیں دیں اور فیصلوں کی میز پر اسے کبھی بٹھایا ہی نہیں گیا۔

معاہدہ کسی اور نے کیا، فیصلہ کسی اور نے کیا، فائدہ کسی اور نے اٹھایا اور بل عوام کے نام آ گیا یہی پاکستان کی سیاسی معیشت کا شاید سب سے مختصر تعارف ہے بات یہ نہیں کہ بجلی پیدا کرنے والی کمپنیوں کو جائز واجبات کیوں ادا کیے گئے۔ ریاستیں معاہدوں کی پابند ہوتی ہیں اور بجلی مفت پیدا نہیں ہوتی۔ اصل سوال یہ ہے کہ ایسا نظام آخر بنا کیسے جس میں بجلی پاکستانی شہری کی بنیادی ضرورت سے بڑھ کر اس کی معاشی سزا بن گئی؟ اگر معاہدے درست تھے تو عوام کو پوری تفصیل بتائی جائے۔ اگر غلط تھے تو ذمہ دار کون تھا؟ اگر شرائط ناقابلِ برداشت تھیں تو انہیں قبول کس نے کیا؟

اگر اصلاح ہو چکی ہے تو پھر عام آدمی کے بل میں اس اصلاح کی خوشبو کیوں نہیں آتی؟ اور اگر نظام واقعی ناگزیر ہے تو پھر اس کا سارا بوجھ صرف اس شخص کی کمر پر کیوں ہے جس کی تنخواہ پہلے ہی مہنگائی کے سامنے ہار چکی ہے؟ یہ سوال حکومت سے بھی ہے اور حزبِ اختلاف سے بھی۔ کیونکہ عوام کے مسئلے پر خاموشی اختیار کرنے والی اپوزیشن صرف حکومت کی مخالف ہوتی ہے، نظام کی نہیں۔ اگر ہزاروں ارب روپے کی ادائیگی کے اعداد سامنے آنے کے بعد بھی سیاسی جماعتوں کا مرکزی سوال یہ ہے کہ اگلا الیکشن کون جیتے گا، اگلی حکومت کس کی ہوگی اور اگلی کرسی کس کو ملے گی، تو پھر عوام کو بھی سمجھ لینا چاہیے کہ ان کی لڑائی اقتدار کی لڑائی سے الگ ہے۔

عوام پوچھ رہے ہیں: بل کیسے دیں؟ سیاست پوچھ رہی ہے: حکومت کیسے لیں؟ یہ دو سوال پاکستان کے موجودہ بحران کا پورا نوحہ ہیں۔ ذرا کسی متوسط گھر میں بیٹھ کر دیکھئے۔ باپ بجلی کا بل ہاتھ میں لیے خاموش ہے۔ ماں حساب لگا رہی ہے کہ اس مہینے کون سی چیز چھوڑ دی جائے۔ بچہ شاید نہیں جانتا کہ اس کی ٹیوشن کیوں بند ہوئی۔ دکاندار سوچ رہا ہے کہ مزید بجلی مہنگی ہوئی تو شٹر کیسے اٹھائے گا، چھوٹی فیکٹری کا مالک مشین بند کر کے مزدور کو کیا جواب دے گا؟

یہ لوگ معاشیات کی اصطلاحیں نہیں جانتے۔ انہیں کیپسٹی پیمنٹ، گردشی قرضہ، ٹیرف ایڈجسٹمنٹ اور پاور پرچیز ایگریمنٹ کی باریکیاں نہیں آتیں۔ انہیں صرف اتنا معلوم ہے کہ مہینے کے آخر میں پیسے ختم ہو جاتے ہیں، لیکن بل ختم نہیں ہوتے اور شاید حکمران طبقے کا سب سے بڑا المیہ یہی ہے کہ اسے اعداد تو دکھائی دیتے ہیں، ان اعداد کے پیچھے کھڑے انسان دکھائی نہیں دیتے۔

دو ہزار نو سو پینتیس ارب روپے ایک عدد نہیں یہ سوال ہے، یہ فردِ جرم ہے، یہ اس معاشی بندوبست کے دروازے پر عوام کی دستک ہے جس میں ریاست طاقتور سے معاہدہ نبھاتی ہے اور کمزور سے قربانی مانگتی ہے، قوم قربانی دیتی رہی ہے، ٹیکس کے نام پر، مہنگائی کے نام پر، قرض اتارنے کے نام پر، معیشت بچانے کے نام پر، بجلی کے نام پر، مگر اب سوال قربانی کا نہیں، حساب کا ہے قوم کو بتایا جائے کہ اس کے نام پر کیے گئے فیصلوں سے کس نے فائدہ اٹھایا، کس نے نقصان کا تخمینہ غلط لگایا، کس نے ناقص شرائط قبول کیں اور کس نے وقت پر انہیں درست نہیں کیا۔

اور سیاسی جماعتوں کو بھی فیصلہ کرنا ہوگا وہ عوام کی نمائندہ ہیں یا صرف اقتدار کی امیدوار؟ کیونکہ بعض اوقات خاموشی غیر جانبداری نہیں ہوتی۔ خاموشی بھی ایک سیاسی بیان ہوتی ہے اور ہزاروں ارب روپے کے بوجھ تلے دبے ہوئے عوام کے سامنے سیاسی طبقے کی یہ خاموشی شاید یہی پیغام دے رہی ہے تم بل بھرتے رہو، ہم سیاست کرتے رہیں گے لیکن تاریخ میں ایک لمحہ ایسا ضرور آتا ہے جب بل ادا کرنے والا آدمی حساب مانگنا شروع کر دیتا ہے اور جس دن پاکستان کے عام آدمی نے بجلی کے بل کو صرف واجب الادا رقم نہیں بلکہ اپنے ووٹ کا سوال بنا لیا، اس دن شاید ایوانوں میں پہلی مرتبہ بجلی واقعی گرے گی۔ کیونکہ قومیں مہنگی بجلی سے نہیں مرتیں وہ اس وقت ٹوٹتی ہیں جب ان کے دکھ کی کوئی سیاسی قیمت باقی نہ رہے۔

☆☆☆☆

انسان تھا کہ حیوان؟

سرجانی ٹاؤن کراچی کے ایک گھر کی ٹنکی سے اڑھائی ماہ کی بچی کی لاش ملی ہے جس کا نام فاطمہ تھا۔ اڑھائی ماہ کی بچی خود چل کر پانی کی ٹنکی پر نہیں چڑھ سکتی تھی۔ کسی نے اسے مار کر یا شاید زندہ ہی ٹنکی میں پھینک دیا ہوگا۔ یہ کون ہو سکتا ہے؟۔ انسان یا کوئی حیوان؟

اِدھر پچھلے ایک مہینے میں ہر دن کے حساب سے چھوٹی عمر کے بچے قتل کئے جا رہے ہیں۔ اسی ماہ کے شروع میں چناب نگر سے خبر آئی کہ 2، 4 اور 6 سال کی عمر کے تین بہن بھائی قتل کر کے ان کی لاشیں کھیت میں دفن کر دی گئیں۔ بعد میں پتہ چلا کہ تینوں ننھے منھے بچے باپ کے ہاتھوں قتل ہوئے۔ یہ باپ کون تھا؟۔ انسان کہ حیوان؟۔

قتل کی ایک قسم اور بھی ہے اور ایسی کہ لکھنے والا ٹھیک سے لکھ سکے نہ بتانے والا ٹھیک سے بتا سکے۔ مثلاً گجرات میں 4 سالہ بچی نور فاطمہ کے ساتھ پہلے ایک ناقابل بیان ظلم کیا گیا۔ پھر بے ہوشی کی حالت میں بوری بند کر کے نالے میں بہا دیا۔ ناقابل بیان ظلم کرنے والا قاتل مقتولہ کا کزن تھا۔ یہ کزن انسان تھا کہ حیوان؟ کلر سیداں کے مدرسے میں مولوی صاحب نے ایک بچے کو اتنا مارا کہ وہ مر گیا۔ یہ مولوی انسان تھا کہ حیوان؟

اسلام آباد کے ای الیون میں 13 سالہ گھریلو ملازم کو مالک نے قتل کر کے لاش پھندے سے لٹکا دی۔ یہ مالک انسان تھا کہ حیوان؟۔

مصری پور ایک 5 سالہ آیت نور کو 5 افراد نے اغوا کیا اور پانچوں نے اس کے ساتھ ناقابل بیان حرکت کی۔ آیت نور ابتدا ہی میں مر گئی اس کی لاش کنوئیں میں پھینک دی گئی۔ ڈی ایس پی ایک خاتون ہے، وہ قاتلوں کی تلاش کے بجائے مقتولہ کی ماں سے بار بار پوچھتی رہی تمہارے کتنے آشنا ہیں؟۔ یہ قاتل کون تھے۔ انسان کہ حیوان اور یہ ڈی ایس پی صاحبہ کون ہیں؟۔ انسان کہ.....؟ جھنگ کے الزبد ٹاؤن میں ایک بچے کو کہ اس کی عمر محض ایک سال تھی کہ تشدد کا نشانہ بنایا گیا، اتنا مارا گیا کہ وہ مر گیا۔ مارنے والا مقتول کی ماں کا رشتہ دار تھا۔ یہ کون تھا۔ انسان کہ حیوان؟

نو نو ماہ، 3، 3 ماہ کے بچوں کو اس طریقے سے قتل کیا جا رہا ہے۔ یہ واقعات تواتر سے آ رہے ہیں۔ اخبارات کے آخری صفحے پر چند سطری خبر چھپتی ہے کہ نئے صوبوں کی بحث چھاپنے کے بعد ایسی خبروں کیلئے جگہ بچتی ہی کہاں ہے؟۔

_____

انسان تھے کہ حیوان؟۔ یہ سوال بار بار اس لئے پوچھنا پڑتا ہے کہ تبصروں میں اس طرح کے جملے مسلسل دہرائے جاتے ہیں کہ یہ کام کرنے والا انسان نہیں ہوسکتا، ضرور یہ کوئی حیوان ہی ہوگا۔ انسان یہ کام نہیں کرسکتا۔ لیکن مندرجہ بالا تمام واقعات اور اس طرح کے دیگر واقعات پر ہونے والی کارروائی سے پتہ چلتا ہے کہ سبھی مجرم انسان تھے۔ کسی حیوان کی گرفتاری عمل میں نہیں آئی، تاریخ کا ریکارڈ بھی ایسے واقعات میں کسی حیوان کے ملوث ہونے کا کہیں ذکر نہیں ملتا۔ یہ جو کچھ ہوا، انسانوں نے ہی کیا۔ ماہرین حیوانیات کہتے ہیں حیوان ایسی حرکتیں نہیں کرتے، کر ہی نہیں سکتے۔ یہ انسانی ''خواص'' ہیں جو موقع بے موقع، جابجا ظاہر ہوتے ہیں۔ حیوانی امور کے ماہرین کہتے ہیں کہ انسانی صفات جانوروں میں موجود ہی نہیں ہیں۔ پھر یہ دعویٰ کیوں کیا جاتا ہے کہ مذکورہ فعل کرنے والا انسان نہیں ہوسکتا۔ حالانکہ ضرور کوئی انسان ہی ہوگا جس نے یہ حرکت کی، یہ کہنا چاہئے تھا۔

_____

بہت برس بیتے، قصور کی 5 سالہ زینب سے ایسی ہی انسانی حرکت کی گئی۔ اس وقت آپریشن گیٹ نواز شریف کی ابتدا ہو چکی تھی۔ چنانچہ تمام اخبارات کی شہ سرخی یعنی لیڈ سٹوری یہی خبر تھی۔ پہلے صفحات اسی کیس کی خبروں سے بھرے ہوتے تھے۔ جملہ سیاستدان اور اداروں کے سربراہان قصور کے دورے کر رہے تھے۔ تمام ٹی وی چینلز کے تمام پرائم ٹائم شو اسی خبر کیلئے وقف تھے۔

اب ہر روز ایک زینب ماری جا رہی ہے۔ اخبارات میں چند سطری خبر، ٹی وی سکرین پر چند سیکنڈ کا ٹکر اس کی کوریج کیلئے کافی ہوتا ہے۔ یہ اجتماعی فیصلے کون کرتا ہے کہ کسی زینب کی خبر لیڈ سٹوری بنی ہے اور کسی کی چند سطری سنگل کالمی خبر۔

یہ فیصلے کون کرتا ہے کہ ٹی وی پر تمام ٹاک شو کس بارے میں بات کرنے کیلئے مہمانوں کو بلائیں گے۔ کون یہ طے کرتا ہے کہ اگر 20 ہزار آمدنی والے کسی شخص کو 50 ہزار کا بل آ گیا اور وہ ہارٹ اٹیک سے چل بسا ہے تو اس کی خبر نہیں چھپے گی، صرف ایک انگریزی اخبار نے غلطی سے یہ خبر چھاپ دی تو اس کیخلاف کیا کارروائی ہوئی اور اس سے بھی بڑھ کر یہ سوال کہ کون یہ فیصلے کرتا ہے کہ مزدور کو 50 ہزار بل بھیجا جائے اور ایلیٹ کلاس کو ''مفت بجلی'' کی سہولت دی جائے؟۔

_____

انٹرنیٹ کا دور ہے۔ کہیں بھی، دنیا کے کسی بھی ملک میں کوئی

(باقی صفحہ 3 پر بقیہ نمبر 1)

برمنگھم ٹیسٹ تیسرے دن کا آغاز پاکستان کو فتح کرنے کیلئے 233 رنز درکار

برمنگھم ٹیسٹ میں آج تیسرے دن کا آغاز ہو چکا ہے جہاں پاکستان ٹیم نے 2 کھلاڑی آؤٹ اور 52 رنز سے اننگز آگے بڑھائی

ٹیسٹ میچ کے دوسرے روز پاکستان نے بارش سے متاثرہ کھیل ختم ہونے تک 4.12 اوورز میں 2 وکٹوں کے نقصان پر 52 رنز بنائے

برمنگھم (سپورٹس ڈیسک) پاکستان اور انگلینڈ کے درمیان سیریز کے تیسرے اور آخری ٹیسٹ کے دوسرے روز بھی میزبان ٹیم کا پلڑا بھاری رہا، انگلینڈ نے پہلی اننگز میں 453 رنز بنا کر پاکستان کے خلاف 320 رنز کی بڑی برتری حاصل کرلی۔ انگلش کپتان جو روٹ نے ٹاس جیت کر پہلے بولنگ کرنے کا فیصلہ تھا جس کے جواب میں پاکستان ٹیم اپنی پہلی اننگز میں صرف 133 رنز بنا سکی تھی، قومی ٹیم کے 8 کھلاڑی ڈبل فیگر میں بھی داخل نہیں سکے تھے جبکہ سعود شکیل 43 رنز کے ساتھ نمایاں رہے۔ میزبان ٹیم کی جانب سے اولی رابنسن اور جوفرا آرچر نے 3، 3 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا جبکہ جوش ٹنگ نے 4 وکٹ حاصل کی۔ انگلش ٹیم نے اپنی پہلی اننگز میں 89 اوورز کا سامنا کرتے ہوئے 453 رنز ڈالے اور پاکستان کے خلاف 320 رنز کی برتری حاصل کرلی، انگلش بیٹر ہیری بروک 75 رنز کے ساتھ نمایاں بیٹر رہے۔ پاکستان کی جانب سے ڈیبیو کرنے والے نوجوان فاسٹ بولر رضا اللہ نے 4 وکٹیں حاصل کیں جبکہ محمد علی اور محمد عمران نے 2، 2 کھلاڑی کو باہر کیا اور محمد عباس ایک وکٹ اپنے نام کرنے میں کامیاب رہے۔ واضح رہے کہ تین ٹیسٹ میچز کی سیریز میں انگلینڈ کو پہلے ہی 0-2 کی فیصلہ کن برتری حاصل ہے اور پاکستان کو سیریز میں کلین سویپ سے بچنے کے لیے اس ٹیسٹ میں نمایاں کارکردگی دکھانا ہوگی۔


برمنگھم پاکستان اور انگلینڈ کے درمیان آخری ٹیسٹ میچ کے تیسرے روز قومی ٹیم کے بلے باز شاٹ کھیلتے ہوئے

برمنگھم پاکستان اور انگلینڈ کے درمیان آخری ٹیسٹ میچ کے تیسرے روز انگلش کھلاڑی وکٹ حاصل کرنے پر خوشی کا اظہار کر رہے ہیں

صائم ایوب کو سی پی ایل سے بلا کر کھلانا ٹیسٹ کرکٹ کی توہین ہے، ناصر حسین

دوسرے ملک میں بالکل مختلف فارمیٹ کھیلنے والے بیٹر کو اچانک انگلینڈ میں انگلینڈ کے بولنگ اٹیک کے خلاف ٹیسٹ میچ کھلانا غلط فیصلہ تھا، گفتگو

لندن (این این آئی) سابق انگلش کپتان ناصر حسین نے کہا ہے کہ صائم ایوب کو سی پی ایل سے بلا کر کھلانا ٹیسٹ کرکٹ کی توہین ہے۔ تفصیلات کے مطابق کیریبین پریمیئر لیگ میں جمیکا تلاوہز مین کی نمائندگی کرنے والے صائم ایوب کو پاکستان کے ہنگامی طور پر تبدیل کیے گئے اسکواڈ میں شامل کر کے اوپننگ کے لیے بھیجا گیا لیکن وہ دونوں اننگز میں صفر پر آؤٹ ہوئے۔ سابق انگلش کپتان ناصر حسین نے ان کی سلیکشن پر سوال اٹھاتے ہوئے کہا کہ انہیں ٹی ٹوئنٹی کرکٹ سے براہ راست ٹیسٹ میچ میں لانا ٹیسٹ کرکٹ کی توہین ہے۔ انہوں نے کہا کہ دوسرے ملک میں بالکل مختلف فارمیٹ کھیلنے والے بیٹر کو اچانک انگلینڈ میں انگلینڈ کے بولنگ اٹیک کے خلاف ٹیسٹ میچ کھلانا غلط فیصلہ تھا۔ ناصر حسین نے کہا کہ ہر کھلاڑی کا ماننا ہے کہ ٹیسٹ کرکٹ سب سے مشکل فارمیٹ ہے اور اس فارمیٹ میں انگلینڈ کی کنڈیشنز میں اوپننگ کرنا انتہائی مشکل ہے۔ سابق انگلش کپتان نے مثال دیتے ہوئے کہا کہ بھارت کے وریندر سہواگ جو صائم ایوب سے زیادہ بہتر اور تجربہ کار بلے باز تھے وہ بھی اس گراؤنڈ میں ایسے ہی ایک مرتبہ اچانک ٹیم میں شامل ہوئے تھے مگر دونوں اننگز میں صفر پر آؤٹ ہوگئے تھے۔ واضح رہے کہ صائم ایوب نے اکتوبر 2025 کے بعد کوئی فرسٹ کلاس میچ نہیں کھیلا تھا۔ ناقدین کے مطابق مسئلہ صرف ان کی ناکامی نہیں بلکہ پاکستان کرکٹ بورڈ کا بحران کے دوران عجلت میں کیا گیا انتخاب ہے جس میں تیاری کے بجائے دستیاب تجربے کو ترجیح دی گئی۔

سابق کرکٹ لیجنڈز سمیت بھارتی ناقدین بھی رضا اللہ کی بولنگ کے معترف

نوجوان پیسر کی کارکردگی نے پاکستانی ٹیم کے لیے امید کی نئی کرن پیدا کردی ہے، ناصر حسین

برمنگھم (این این آئی) ٹیسٹ ڈیبیو پر پہلے ہی اوور میں انگلش کپتان جو روٹ کی وکٹ حاصل کرنے والے پاکستانی بولر رضا اللہ نے ایک ہی دن میں لاکھوں مداح بنا لیے۔ انگلینڈ کے سابق کپتان ناصر حسین نے رضا اللہ کی بولنگ کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کو کافی عرصے سے اپنے بولنگ اٹیک میں کچھ مختلف چیز کی ضرورت تھی۔ ان کے مطابق رضا اللہ کے اسپیل میں رفتار اور جارحیت نمایاں تھی جس نے انگلینڈ کے عظیم بیٹر جو روٹ کو بھی دباؤ میں ڈال دیا۔ ناصر حسین نے کہا کہ رضا اللہ کی تیز گیند نے روٹ کو جلدی فیصلہ کرنے پر مجبور کیا اور بالآخر وہ آؤٹ ہوگئے۔ انہوں نے کہا کہ

1 نقیبہ

بجلی کے طرح سے فیل ہو جائے گے کنجر بہت والا اتنا ظلم کیتوان والا سوال اتنا بھی نہیں کرتی کہ جرائی ہے۔ ہم بھی کیا کیا کیا ہے کیا کیا ہے کیا کیا ہے

کوئٹہ، قبائل امن جرگہ بلوچستان کے چیئرمین حاجی نور محمد رخشانی عبدالرؤف بزنجو، عبدالمتین اچکزئی اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ماہی گیروں کی فلاح و بہبود کے لیے جدید جامع قانون سازی کیلئے قائمہ کمیٹی

بلوچستان فشریز آرڈیننس 1961، بلوچستان سی فشریز آرڈیننس 1971، پسنی فشریز ہاربر اتھارٹی آرڈیننس 1983 اور بلوچستان کوسٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی ایکٹ 1998 شامل ہیں

بل پر غور کے دوران محکمہ خزانہ اور محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن (S&GAD) کے نمائندگان کو بھی مدعو کیا جائے گا، قائمہ کمیٹی برائے ماہی گیری کے اجلاس میں فیصلہ

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ کے کمیٹی روم میں قائمہ کمیٹی برائے ماہی گیری کا اجلاس منعقد ہوا، جس کی صدارت چیئرمین کمیٹی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کی۔ اجلاس میں کمیٹی کے ارکان عبدالمجید بادینی، ظفر علی آغا، برکت علی رند، میر ظہور بلیدی اور صفیہ فضل نے شرکت کی۔ اجلاس میں سیکرٹری بلوچستان اسمبلی طاہر شاہ کاکڑ، اسپیشل سیکرٹری اسمبلی عبدالرحمٰن، ڈائریکٹر جنرل فشریز، ایڈیشنل سیکرٹری فشریز، ایڈیشنل سیکرٹری قانون اور دیگر متعلقہ حکام بھی موجود تھے۔ اجلاس کے آغاز میں محکمہ ماہی گیری کی جانب سے بلوچستان فشریز اینڈ ایکوا کلچر بل 2026 کے حوالے سے کمیٹی کو تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ بلوچستان میں ماہی گیری، ایکوا کلچر، فشریز ہاربرز اور (بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر)

ڈیرہ مراد جمالی میونسپل کمیٹی کا عملہ گزشتہ تین ماہ سے اپنی تنخواہوں سے محروم

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی میونسپل کمیٹی کا عملہ گزشتہ تین ماہ سے اپنی تنخواہوں سے محروم حالات (بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر)

نوجوان باصلاحیت ہوں گے بلوچستان مضبوط ہوگا تو پاکستان مضبوط ہوگا، مولانا ہدایت الرحمٰن

بلوچستان کے نوجوان باصلاحیت امن ترقی ہنر اور آئی ٹی تعلیم روزگار چاہتے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) امیر جماعت اسلامی بلوچستان رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا کہ حکومت بلوچستان کے زخموں پر مرہم رکھ کر محبت کی زبان میں امن کے قیام کو یقینی بنائیں صوبے کے نوجوان تعلیم اور روزگار چاہتے ہیں ہماری جماعت اپنے وسائل سے صوبے کے نوجوانوں کو مفت آئی ٹی کورس کروا کر ہنرمند بنا رہے ہیں دوسری سیاسی جماعتوں کو بھی ہماری تقلید کرنی چاہئے تاکہ نوجوانوں کو ہنرمند اور آئی ٹی سے روشناس کرا کر تشدد، مایوسی اور کلاشنکوف دیکر پہاڑ پر بھیجنے کی بجائے کتاب اور قلم دیکر تعلیم کی جانب راغب کریں۔ اس وقت بلوچستان (بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر)

اسٹیبلشمنٹ کو اٹھارویں ترمیم اور 1973ء کا آئین قبول نہیں، لشکری رئیسانی

پشتون بلوچ صوبے میں مزید انارکی پھیلانے کے لئے بحران پیدا کئے جا رہے ہیں

کوئٹہ (آن لائن) سینئر سیاستدان نوابزادہ حاجی میر لشکری خان رئیسانی نے کہا ہے کہ اسٹیبلشمنٹ کو اٹھارویں ترمیم اور 1973ء کا آئین قبول نہیں باہر ڈ نظام مکمل طور پر ناکام ہو چکا ہے اس لئے عالمی اسٹیبلشمنٹ پاکستان کی اسٹیبلشمنٹ کے ساتھ ملکر بلوچستان میں نیا کھیل کھیلنے کے لئے میدان سجا رہی ہے اور نئے صوبوں کا شوشہ چھوڑ کر اپنے من پسند نئے لوگوں کو لا کر لوٹ مار کے ذریعے وسائل پر قبضہ کر سکیں اس طرح کے حالات پیدا کئے جا رہے ہیں بلوچستان کے حالات اس وقت تک ٹھیک نہیں ہو سکتے جب تک لوگوں کے ووٹ کے ذریعے صاف اور (بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر)

بلدیاتی اداروں کو مزید فعال بنانے کیلئے اقدامات جاری ہیں، نوابزادہ امیر حمزہ زہری

صوبائی مشیر سے بلوچستان کے سیاسی، قبائلی و علاقائی عمائدین اور وفود نے ملاقاتیں کی

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری سے جھالاوان ہاؤس کوئٹہ میں جھالاوان سمیت بلوچستان کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے سیاسی، قبائلی و علاقائی عمائدین اور وفود نے ملاقات کی۔ ملاقاتوں میں علاقائی مسائل، عوامی مشکلات، ترقیاتی امور اور باہمی دلچسپی کے معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفود نے اپنے اپنے علاقوں کو درپیش مسائل سے صوبائی مشیر کو آگاہ کیا، جس پر انہوں نے مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن اقدامات کی یقین دہانی کرائی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری (بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر مرزا اعزاز بیگ سے رحمت اللہ کاکڑ ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ کراچی شاہراہ پر صحافی دوست کے بیٹوں کی گاڑی پر فائرنگ کی مذمت

حکومت ملزمان کو گرفتار اور متاثرہ خاندان کو انصاف فراہم کرے، بی یو جے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان یونین آف جرنلسٹس کے صدر منظور احمد رند جنرل سیکرٹری شاہ حسین ترین، صدر کوئٹہ پریس کلب عرفان سعید، جنرل سیکرٹری ایوب ترین، بی یو جے اور کوئٹہ پریس کلب کی کابینہ و اراکین ایگزیکٹو کونسل نے مشترکہ مذمتی بیان میں گزشتہ روز سوراب کے قریب صدر پریس کلب خاران اور سینئر صحافی حاجی عارف کے بیٹوں کی گاڑی پر کوئٹہ کراچی شاہراہ پر نامعلوم افراد کی جانب سے فائرنگ کے واقعہ میں ان کے بیٹے سالال کے جاں بحق اور ایک بیٹے کے زخمی ہونے کی شدید مذمت کرتے ہوئے واقعہ پر (بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر)

پاک امریکہ تجارت کو 20 ارب ڈالر تک بڑھایا جائے، وقت کی اہم ضرورت ہے

سینیٹر محمد عبدالقادر

امریکہ پاکستانی برآمدات کی سب سے بڑی انفرادی منڈی، تجارتی تعلقات کو جامع اقتصادی شراکت داری میں تبدیل کرنا ہوگا

اس وقت پاکستان کی امریکہ کو برآمدات 6.125 ارب ڈالر جبکہ امریکہ سے درآمدات 3.265 ارب ڈالر ہیں

کوئٹہ (آن لائن) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا ہے کہ پاکستان اور امریکہ کے درمیان دوطرفہ تجارت کا حجم 10 ارب ڈالر سے زائد ہونا خوش آئند ہے، تاہم دونوں ممالک کے درمیان تجارت کو آئندہ چند برسوں میں کم از کم 20 ارب ڈالر تک بڑھانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ امریکہ پاکستانی برآمدات کے لیے سب سے بڑی انفرادی ملکی منڈی ہے اور پاکستان کو اس وسیع مارکیٹ سے مزید بھرپور استفادہ کرنا ہوگا۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ اس وقت پاکستان کی امریکہ کو برآمدات 6.125 ارب ڈالر جبکہ امریکہ سے درآمدات 3.265 ارب ڈالر ہیں۔ موجودہ تجارتی تعلقات پاکستان کے لیے ایک بڑے اقتصادی موقع (بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد وفاقی وزیر پلاننگ احسن اقبال منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

نوابزادہ امیر حمزہ زہری کی قمبر دشتی اور نور محمد دمڑ سے ملاقات

ملاقات میں سیاسی و علاقائی صورتحال سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تفصیلی تبادلہ خیال

کوئٹہ (آن لائن) صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو قمبر دشتی سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ ملاقات میں حکومتی و انتظامی امور سمیت ضلع خضدار اور ضلع سوراب میں حالیہ انتظامی تبدیلیوں کے بعد کی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا، جبکہ باہمی تعاون کو مزید مؤثر بنانے پر بھی زور دیا گیا ملاقات کے موقع پر ڈسٹرکٹ چیئرمین خضدار حاجی صلاح الدین زہری، سابق ایم پی اے شاہینہ کاکڑ اور دیگر بھی موجود تھے۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماء و صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ (بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر)

گورنر صوبے میں پارٹی کو فعال اور منظم بنانے کیلئے دن رات کوشاں ہیں، سید جہانگیر شاہ

جمال شاہ کاکڑ کی قیادت پر مکمل اعتماد ہے اور انکی قیادت میں پارٹی انشاء اللہ آنے والے وقت میں مزید فعال ہوگی

کوئٹہ (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے صوبائی رہنما سید جہانگیر شاہ نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے صدر و گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل صوبے میں پارٹی کو فعال اور منظم بنانے کیلئے دن رات کوشاں ہیں گورنر بلوچستان کی کوششوں سے غیر ملکی سرمایہ بلوچستان کا رخ کر رہے ہیں جس سے نہ صرف صوبہ ترقی کریگا بلکہ روزگار کے نئے مواقع بھی پیدا ہونگے۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں سید جہانگیر شاہ نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) ملک کی سب سے بڑی سیاسی و جمہوری جماعت ہے جو عوام کی خدمت پر یقین رکھتی ہے صوبے میں (بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، اہلسنت والجماعت کے رہنما ذوالفقار طارقی سے مشہور اسکالر علامہ خضر الاسلام، سعد اللہ باروزئی ملاقات کر رہے ہیں

کوئٹہ میں سرکاری اختیارات کے ناجائز استعمال کا اسکینڈل سامنے آ گیا

تحصیلدار کوئٹہ عبدالغفار نوتیزئی گرفتار، دیگر کی گرفتاری کیلئے چھاپے مارے جا رہے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ میں سرکاری اختیارات کے ناجائز استعمال، بدعنوانی اور جعلسازی کا بڑا اسکینڈل سامنے آ گیا تحصیلدار کوئٹہ نے قانونگو اور پٹواری کی ملی بھگت سے سرکاری ریکارڈ میں ردوبدل کر کے ایک جائیداد کا انتقال اصل مالک کو کسی قسم کی اطلاع یا نوٹس دیئے بغیر غیر قانونی طور پر منسوخ کر دیا۔ محکمہ اینٹی کرپشن نے مرکزی ملزم تحصیلدار عبدالغفار نوتیزئی کو گرفتار کر لیا گیا ہے جبکہ دیگر ملوث ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں ڈی جی اینٹی کرپشن بلوچستان نصیب اللہ کاکڑ نے بتایا کہ انہیں شکایت موصول ہوئی تھی کہ کوئٹہ کے تحصیلدار، قانونگو (بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر)

شعائر اسلام اور عقیدہ ختم نبوت پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، مولانا محمد ایوب

علماء کرام دین اسلام کے ہر شعبے کے دفاع اور تحفظ کے لیے خانقاہوں اور حجروں سے نکل کر داعی کا کردار ادا کریں

کوئٹہ (آن لائن) شعائر اسلام اور عقیدہ ختم نبوت پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا علماء کرام دین اسلام کی ہر شعبے کی دفاع اور تحفظ کے لیے خانقوں اور حجروں سے نکل کر داعی کا کردار ادا کریں شعائر اسلام اور ناموس رسالت و کی دفاع اور تحفظ پر کوئی آنچ نہیں آنے دیں گے ان خیالات کا اظہار جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے نائب امیر مولانا محمد ایوب ایوبی، مولانا مفتی عبدالسلام، مولانا عبدالقیم جنگ، مولانا محمد طاہر توحیدی، مولانا راز محمد محمد حسنی، مولانا عبدالمنان سعادت، مولانا عبدالحق، مولانا مفتی محمد سلیمان فاروقی اور مولانا عبدالغفار نے جامعہ دارالعلوم اسلامیہ (بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر)

خواتین اور بچوں پر تشدد، زیادتی اور قتل کے بڑھتے واقعات پر شدید تشویش ہے، سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری

بچوں اور خواتین کے تحفظ کے لیے موثر قانون سازی، قوانین پر عملدرآمد اور اداروں کی ذمہ دارانہ کارکردگی ناگزیر ہے

اسلام آباد (آن لائن) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق کی چیئرپرسن سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے ملک میں خواتین اور بچوں کے خلاف تشدد، زیادتی، اغوا اور قتل کے بڑھتے ہوئے واقعات پر گہری تشویش اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ معصوم بچوں، بالخصوص کمسن بچیوں اور خواتین کے ساتھ ہونے والے بہیمانہ واقعات کسی بھی مہذب اور ذمہ دار معاشرے کے لیے ناقابل قبول ہیں۔ ایسے واقعات میں مسلسل اضافہ پوری قوم کے لیے لمحہ فکریہ ہے اور ریاستی اداروں سمیت معاشرے کے ہر ذمہ دار طبقے کو اس سنگین مسئلے کے تدارک کے لیے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا (بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ، جماعت اسلامی کے صوبائی امیر ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ الخدمت فاؤنڈیشن بنوقابل کے طلباء و طالبات کی تعارفی نشست سے خطاب کر رہے ہیں

بہتر سڑکیں اور موثر سیوریج نظام شہری زندگی کے لیے بنیادی ضرورت ہیں، میر جمال رئیسانی

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و رکن قومی اسمبلی نوابزادہ میر جمال خان رئیسانی نے کہا کہ بہتر سڑکیں اور موثر سیوریج نظام شہری زندگی کے لیے بنیادی ضرورت ہیں، اس لیے ترقیاتی کاموں میں ان مسائل کے حل کو خصوصی اہمیت دی جانی چاہیے۔ عوامی مسائل کے حل اور علاقے میں بنیادی سہولیات کی بہتری کے لیے عملی اقدامات کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سراوان ہاؤس کوئٹہ میں مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے وفود سے ملاقات کے دوران کیا۔ اس (بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر)

شادی کی تقریب میں ہوائی فائرنگ سے بچی سمیت 3 افراد زخمی

کوئٹہ (آن لائن) شالکوٹ پولیس نے شادی کی تقریب میں ہوائی فائرنگ سے بچی سمیت 3 افراد کے زخمی ہونے پر کارروائی کرتے ہوئے ملزم کو گرفتار کر کے اسلحہ اور ایمونیشن برآمد کر لیا پولیس کے مطابق ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ لیفٹیننٹ (ر) عمران شوکت اور ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایت پر ایس ایچ او تھانہ شالکوٹ عادل شاہ (بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر)

آج پٹرولیم مصنوعات پر بھتہ خوری کے خلاف "دھرنا کیمپ" لگایا جائیگا، جماعت اسلامی

کوئٹہ (آن لائن) جماعت اسلامی ضلع کوئٹہ کے زیر اہتمام آج شام 4 بجے سے کوئٹہ پریس کلب کے سامنے بدامنی دہشت گردی بارڈرز و سڑکوں کی بندش اور پٹرولیم مصنوعات پر بھتہ خوری کے خلاف "دھرنا کیمپ" لگایا جائیگا دھرنا کیمپ میں جماعت اسلامی و برادر تنظیمات کے کارکن، ذمہ داران و شہری شرکت کریں (بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر)

ملک اس وقت مشکل اور نازک ترین دور سے گزر رہا ہے، امیر شجاع الدین شیخ

ملکی معیشت کو سود سے پاک کرنے کی بجائے ہر سطح پر سودی معیشت کو فروغ دیا جا رہا ہے

کوئٹہ (آن لائن) تنظیم اسلامی کے مرکزی امیر شجاع الدین شیخ نے کہا ہے کہ ملک اس وقت مشکل اور نازک ترین دور سے گزر رہا ہے تمام اسلام دشمن طاقتیں یعنی یہود و ہنود اور نصاریٰ ملکر دین اسلام کی بیخ کنی کے ایجنڈے پر کام کر رہی ہیں اور دوسری جانب ملک کے اندر سیاسی، معاشی، معاشرتی بحران تشویشناک صورتحال اختیار کرتا چلا جا رہا ہے لیکن کیا یہ ایک حقیقت نہیں کہ اسلام کے نام پر حاصل کیا جانے والے ملک میں نفاذ اسلام کی بجائے دین اسلام کے احکام کی علی الاعلان دھجیاں بکھیری جا رہی ہے سیاسی سطح پر عوامی حاکمیت عملاً نفاذ ہے ملکی معیشت کو سود سے (بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر)

جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے ضلعی معاونین اطلاعات کا اہم اجلاس

جماعت اور میڈیا کے درمیان تعلقات کو مزید مضبوط اور مؤثر بنایا جائے گا، فیصلہ

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے ضلعی معاونین اطلاعات کا اہم اجلاس ضلعی ترجمان حافظ عبدالغنی شہزاد کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں معاونین اطلاعات عبدالصمد حقیار اور مفتی محمد ابوبکر نے شرکت کی۔ اجلاس میں شعبہ اطلاعات کی مجموعی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات عبدالصمد حقیار کی بہتر کارکردگی پر انہیں زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا گیا۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ جماعت اور میڈیا کے درمیان تعلقات کو مزید مضبوط اور مؤثر بنایا جائے گا، بالخصوص الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا پر ضلعی جماعت (بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ پولیس کی منشیات فروشوں، نامزد مفرور اور سنیچنگ میں ملوث ملزمان کے خلاف کارروائی

8 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے بھاری مقدار میں منشیات، اسلحہ ایمونیشن اور موبائل فون برآمد کر لیا

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ پولیس نے منشیات فروشوں، نامزد مفرور اور سنیچنگ میں ملوث ملزمان کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 8 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے بھاری مقدار میں منشیات، اسلحہ ایمونیشن اور موبائل فون برآمد کر لئے پولیس کے مطابق ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ ضیاء الحق مندوخیل کی خصوصی ہدایت پر نیو کچلاک پولیس کے ایس ایچ او عبدالحی گرانی نے مفرور ملزم حاجی واحد کو گرفتار کر لیا جبکہ 15 گاڑیوں سے غیر نمونہ نمبر پلیٹیں اور 12 موٹر سائیکلوں کی چیکنگ بھی کی اس کے علاوہ تھانہ ہزارہ ٹاؤن کے عملے نے مفرور ملزم فاروق کو گرفتار کیا جبکہ 6 افغان باشندوں (بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری سے صوبائی وزیر خوراک نور محمد دمڑ ملاقات کر رہے ہیں

بی ایس ڈی آئی فیز تھری کے تحت 70 کروڑ روپے کی ترقیاتی اسکیموں کا آغاز

بی ایس ڈی آئی فیز تھری کے تحت مختلف ترقیاتی منصوبوں کا افتتاح کر دیا گیا

سیوی (آن لائن) کمانڈنٹ سیوی سکاؤٹس کرنل منیر سلطان نے ڈپٹی کمشنر سیوی میجر الیاس کبزئی کے ہمراہ بی ایس ڈی آئی فیز تھری کے تحت مختلف ترقیاتی منصوبوں کا افتتاح کر دیا۔ کمانڈنٹ سیوی سکاؤٹس کرنل منیر سلطان نے ڈپٹی کمشنر سیوی میجر الیاس کبزئی، کرنل بلال اور اسسٹنٹ کمشنر سیوی ملک بہادر بنگلزئی کے ہمراہ گاؤں تلی، گاؤں کرک، گاؤں مجگ، سول اسپتال سبی، میر چاکر خان رند یونیورسٹی، اور ناڑی گاج کے مقامات کا دورہ کر کے فیز 3 کے منصوبوں کا آغاز کیا ہے اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بی ایس ڈی آئی کے (بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر)

NA-25 سڑک کے کام میں مزید تیزی لائی جائے، مہر اللہ بادینی

اہم شاہراہوں پر جاری ترقیاتی اور تعمیراتی منصوبوں کی بروقت تکمیل نہایت ضروری ہے

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کی زیر صدارت قومی شاہراہ NA-25 پر جاری تعمیر و ترقیاتی کام اور اس کی پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس منعقد ہوا، قومی شاہراہ پر جاری کام، مختلف امور میں پیش رفت اور درپیش مسائل کے حوالے سے ڈپٹی کمشنر کو تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) حافظ محمد طارق، نیشنل ہائی وے اتھارٹی (NHA) کے متعلقہ حکام اور ریونیو اہلکاران شریک ہوئے۔ اس موقع پر متعلقہ حکام نے NA-25 سڑک کے مختلف حصوں میں جاری کام کی صورتحال، اب تک ہونے والی پیش (بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر)

ٹرانسپورٹرز کو ڈیزل سبسڈی کی عدم ادائیگی ناقابلِ قبول ہے

اعلیٰ حکام فوری تحقیقات کریں: بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کے مرکزی صدر حاجی نور محمد شاہوانی، حاجی روزی خان مندوخیل، سہیل خان کاکڑ، حاجی ظہیر شاہ یوسفزئی، جعفر خان کاکڑ، حاجی عطا اللہ خان، حاجی محمد گل، حاجی محمد امین، عبدالمجید پرکانی، منیر احمد بشامی، آل بلوچستان منی مزدا گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین بابو جان رئیسانی، صدر لالا قدیم، جنرل سیکریٹری محمد یونس پٹھان، عبدالحق مینگل اور دیگر ٹرانسپورٹرز نے حکومتِ وقت سے مطالبہ کیا ہے کہ بلوچستان کے ٹرانسپورٹرز کے ساتھ ڈیزل سبسڈی کے حوالے سے کیے گئے وعدے اور معاہدے پر فوری عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔ رہنماؤں نے کہا کہ جب ملک میں ڈیزل کی قیمت چار سو (بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر)

چمن شہر کی تزئین و آرائش پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے، فدا بلوچ

مہم کی کامیابی کے لیے شہریوں کا تعاون بھی انتہائی ضروری ہے

چمن (خ ن) چمن وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن (ر) عبدالخالق خان اچکزئی کی خصوصی ہدایات پر چمن شہر میں صفائی، تزئین و آرائش اور شجرکاری پر مشتمل 10 روزہ خصوصی مہم بھرپور انداز میں جاری ہے۔ مہم کے دوران شہر کے مختلف علاقوں، سڑکوں، گلیوں اور میدانوں سے کچرے کے ڈھیروں کو ہٹانے کے ساتھ ساتھ صفائی ستھرائی کے مؤثر اقدامات کیے جا رہے ہیں، جبکہ شہر کی خوبصورتی اور ماحول کو بہتر بنانے کے لیے مختلف مقامات پر درختوں کے پودے بھی لگائے جا رہے ہیں۔ صفائی (بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر)

پرنٹر و پبلشر وسیم احمد نے اولس پرنٹرز یونیورسل کمپلیکس کالون روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر
"روزنامہ عوام"
302 یونیورسل کمپلیکس جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
ای میل ایڈریس
dailyawamqta@gmail.com
فون نمبر: 2832244 فیکس نمبر 2832255

لسبیلہ، کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء کو ترقیاتی منصوبوں سے متعلق امور پر ڈی سی حمیرا بلوچ بریفنگ دے رہی ہیں

لسبیلہ یونیورسٹی آف واٹر اینڈ مرین سائنسز مثبت تبدیلی کی ایک روشن مثال ہے، جعفر خان مندوخیل

صوبے کی سرکاری یونیورسٹیوں کے حوالے سے پائے جانے والے منفی تاثر کو تبدیل کر کے ایک قابل فخر اور امید افزا تصویر پیش کی ہے، گورنر بلوچستان

بلوچستان کی پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں کو بھی اس گلوبل چینج کا حصہ بننا ہوگا تاکہ ہمارے نوجوان روزگار کے متلاشی ہی نہیں بلکہ روزگار پیدا کرنے والے بن سکیں

کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کی زیر صدارت لسبیلہ یونیورسٹی آف واٹر اینڈ مرین سائنسز کے 9ویں سینیٹ اجلاس کا انعقاد ہوا جس میں مذکورہ یونیورسٹی کی حاصل کردہ نمایاں کامیابیوں، تعلیمی و تحقیقی سرگرمیوں، انتظامی امور اور مستقبل کے ترقیاتی منصوبوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں بلوچستان ہائی کورٹ کے جسٹس سردار احمد علیمی، صوبائی وزیر پی اینڈ ڈی ظہور احمد بلیدی، وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالمالک ترین، صوبائی سیکرٹری ہائیر ایجوکیشن ہاشم خان غلزئی، پارلیمانی سیکرٹری زرین مگسی، پرنسپل سیکرٹری ٹو گورنر بلوچستان عبدالناصر دوتانی، ہائیر ایجوکیشن کمیشن کے نمائندہ ڈاکٹر ظہور احمد بازئی، پروائس چانسلر ڈاکٹر الٰہی بخش، فنانس ڈیپارٹمنٹ کے ڈپٹی سیکرٹری اور رجسٹرار ڈاکٹر (بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر)

بلوچستان کے مختلف میں 13 سے 16 ستمبر کے دوران بارش کا امکان

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے مختلف اضلاع میں 13 سے 16 ستمبر کے دوران تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ (بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر)

سیکرٹری بہبود آبادی نے تاحال محکمے میں کوئی تقرری عمل نہیں لائی ہے، ترجمان

سنگین، من گھڑت، بے بنیاد اور گمراہ کن الزامات عائد کیے گئے ہیں جن کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں

کوئٹہ (آن لائن) پارلیمانی سیکریٹری برائے بہبودِ آبادی پرنس آغا عمر جان نے کہا ہے کہ پارلیمانی سیکرٹری بہبود آبادی پرنس آغا عمر جان اور سیکرٹری بہبود آبادی نے تاحال محکمے میں کسی بھی قسم کی کوئی تقرری عمل نہیں لائی ہے پارلیمانی سیکرٹری اور سیکرٹری بہبود آبادی کے خلاف پروپیگنڈہ کرنے والے عناصر من گھڑت اور جھوٹی افواہیں پھیلانے سے باز آجائیں بصورت دیگر انکے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ محکمہ پاپولیشن ویلفیئر، صوبائی وزیر، سیکرٹری اور محکمہ کے بعض افسران و (بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر)

غیر قانونی تعمیرات کے خلاف کارروائی 6 افراد گرفتار

سرکاری املاک اور اراضی کے تحفظ کے لیے کارروائیاں بلاامتیاز جاری رہیں گی، کاشف امر

کوئٹہ (این این آئی) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ ویسٹ منیر احمد درانی کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر بروری کاشف امر نے لائیو اسٹاک کی سرکاری زمین پر مبینہ قبضے اور غیر قانونی تعمیرات کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 6 افراد کو گرفتار کر لیا۔ کارروائی کے دوران انتظامیہ کی ٹیم نے موقع پر پہنچ کر سرکاری اراضی پر جاری تعمیراتی کام کو فوری طور پر رکوا دیا۔ موقع پر موجود 6 افراد کو حراست میں لے کر قانونی کارروائی کے لیے متعلقہ حکام کے حوالے کر دیا گیا، جبکہ سرکاری زمین پر قبضے کی غرض سے قائم کی گئی غیر قانونی تعمیرات اور تعمیر شدہ حصے کو بھی موقع پر مسمار کر دیا گیا۔ (بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر)

سیکرٹری بلدیات و دیہی ترقی کی زیر صدارت مشاورتی اجلاس

تمام متعلقہ اداروں کے درمیان باہمی رابطے اور مشاورت کو یقینی بنایا جائے، خطاب

کوئٹہ (آن لائن) سیکرٹری بلدیات و دیہی ترقی بلوچستان عبدالرؤف بلوچ کی زیر صدارت مشاورتی اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع کوئٹہ کی دو اضلاع میں تقسیم کے بعد بلدیاتی نظام میں ضروری قانونی و انتظامی ترامیم، مقامی کونسلوں کے قیام، ٹی ایم میز اور شہری یونین کونسلوں کی ازسرنو حد بندی سمیت دیگر متعلقہ امور پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ اجلاس میں ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ بشیر بزنجو، سیکرٹری لوکل کونسلز بلوچستان عبدالوحید بادینی، فوکل پرسن محکمہ بلدیات و دیہی ترقی طٰہٰ جنید، الیکشن کمیشن، محکمہ بلدیات و دیہی ترقی اور دیگر متعلقہ محکموں کے اعلیٰ افسران نے (بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر)